مسلسل اشاعت کے 84 سال
editor@nawaiwaqt.com.pk @nawaiwaqt_
nawaiwaqt.com.pk fb.com/nawaiwaqt
LOCAL

DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

روزنامہ
نوائے وقت
لاہور
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
لاہور، کراچی، راولپنڈی/ اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
★★★★★★★★MONDAY 1 APRIL 20

شمارہ	رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل	صفحات	پیر، 21 رمضان المبارک 1445ھ یکم اپریل 2024ء، 19 چیت 2081 ب	جلد
10	101	10	قیمت 30 روپے 04236302050	84

سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس ہذا ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ KSB پمپس کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) کا 67 واں سالانہ اجلاس عام (AGM) 23 اپریل 2024ء کو 15:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر 2/ 16 سر آغا خان روڈ، لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

عام امور:

1- 26 اپریل 2023 کو منعقدہ 66 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2- 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے کمپنی کے نظرثانی شدہ اکاؤنٹس اور اس پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

3- سال 2024 کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔ میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، ریٹائر ہوگئے ہیں، وہ کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کرتے ہیں۔

خصوصی اُمور

کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ 150,000,000 روپے (صرف ایک سو اور پچاس ملین روپے) جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 15,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ سے بڑھا کر 450,000,000 روپے (صرف چار سو اور پچاس ملین روپے) جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ اور اس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کرنے پر غور وخوض اور منظوری دینا۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا ترمیم کے بغیر خصوصی قراردادوں کے طور پر منظور کرنے کی تجویز دی گئی ہے:

قرار پایا کہ کمپنی کے مجاز حصص کے سرمایہ کو 150,000,000 روپے (صرف ایک سو اور پچاس ملین روپے) جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 15,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ سے بڑھا کر ہر ایک 10 روپے کے 30,000,000 اضافی عام حصص کی تخلیق سے 450,000,000 روپے (صرف چار سو اور پچاس ملین روپے) جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ کیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ تخلیق کردہ اضافی حصص کمپنی کے موجودہ عام حصص کے ساتھ ہر لحاظ سے مساوی درجہ کے ہوں گے۔

مزید قرار پایا کہ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق 5 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 کی جگہ مندرجہ ذیل کے مطابق پڑھا جائے:

میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V

کمپنی کا حصص سرمایہ 450,000,000 روپے (صرف چار سو اور پچاس ملین روپے) ہے جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ ہے۔ کمپنی کے پاس اپنے سرمایہ میں اضافہ یا کمی کرنے اور فی الوقت اپنے سرمایہ میں حصص کو عام حصص کی متعدد کلاسوں میں تقسیم کرنے کا اختیار ہوگا۔

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 4

کمپنی کا حصص سرمایہ 450,000,000 روپے (صرف چار سو اور پچاس ملین روپے) ہے جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکرٹری کو تمام اقدامات، معاملات، کام کرنے اور رجسٹرار آف کمپنیز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ہاں مطلوبہ دستاویزات اور گوشوارے جمع کرانے سمیت تمام ضروری اقدامات کرنے اور مذکورہ قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد کے لئے ضروری دیگر تمام قانونی تقاضوں کی تعمیل کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

مذکورہ بالا خصوصی امور سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 134 کے تحت مادی حقائق کا بیان اور خصوصی قراردادوں کا مسودہ نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

1 اپریل 2024ء، لاہور

فیصل امان خان
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

1- اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن کسی دیگر رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے۔ پراکسیز تا نکہ مؤثر ہوسکیں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہوجانی چاہئیں۔ اگر کوئی رکن ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرتا ہے اور کسی رکن کی طرف سے پراکسی کے ایک سے زیادہ آلات کمپنی کے ہاں جمع کروائے جاتے ہیں تو پراکسی کے ایسے تمام آلات غیر قانونی قرار دیے جائیں گے۔ ہر پراکسی کو اجلاس میں اسے مقرر کرنے والے رکن کی جگہ شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کا حق ہوگا۔

2- کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے 16 اپریل 2024 تا 23 اپریل 2024 تک بند رہیں گے۔ کمپنی کے رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 پر 15 اپریل 2024 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیاں ٹرانسفریز کو ڈیویڈینڈ کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

3- سی ڈی سی اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا وہ افراد جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور قواعد وضوابط کے مطابق ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات اپ لوڈ کی گئی ہیں، شناخت کے مقصد کے لئے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس پر نامزد کے نمونہ دستخط ہوں، اجلاس کے وقت پیش کیا جائے گا۔

4- ممبران، جو ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں حاضر ہونے اور شرکت کے خواہاں ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ عنوان رجسٹریشن برائے AGM کے ساتھ companysecretary@ksb.com.pk پر ای میل بھیج کر اور مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے اپنا اندراج کروائیں۔

نمبر شمار	شیئر ہولڈر کا نام	CNIC نمبر	فولیو نمبر	موبائل	رجسٹرڈ ای میل ایڈریس

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان کی تفصیل اُن اراکین کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز 20 اپریل 2024 کو یا اس سے پہلے موصول ہو چکی ہوں گی۔

شیئر ہولڈرز، جو AGM کے ایجنڈے پر تبصرے/ تجاویز بھیجنا چاہتے ہیں، companysecretary@ksb.com.pk پر کمپنی کو ای میل کرسکتے ہیں اور ان پر اجلاس میں تبادلہ خیال کیا جائے گا اور اجلاس کی کارروائی کا حصہ بنایا جائے گا۔

5- **ڈیویڈینڈز پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی**

حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ 2019 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 میں کچھ ترامیم کی ہیں جس کے تحت کمپنیوں/ بینکوں کی جانب سے ادا کیے جانے والے ڈیویڈینڈز کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرطیں مقرر کی گئی ہیں۔ ٹیکس کی یہ شرطیں درج ذیل ہیں:

(الف) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15.0 فیصد

(ب) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لئے 30.0 فیصد

کمپنی کو نقد ڈیویڈینڈ کی رقم پر ٹیکس کٹوتی 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کرنے کے قابل بنانے کے لئے تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں درج نہیں ہیں، اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ نقد ڈیویڈینڈ کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے ATL میں اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں۔ بصورت دیگر ان کے نقد ڈیویڈینڈ پر ٹیکس 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کی شرح سے منہا کیا جائے گا۔

جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ تناسب فراہم کریں کیونکہ ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین فائلر/ نان فائلر اسٹیٹس پر ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر الگ سے کیا جائے گا بصورت دیگر یہ فرض کیا جائے گا کہ شیئرز برابر ہیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ کے ہاں اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کو اپ ڈیٹ کرنا ضروری ہے، جبکہ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیجنا چاہیے۔ شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت، جیسا بھی معاملہ ہو، کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبروں کا حوالہ دینا ہوگا۔

کسی بھی سوال/ وضاحت/ معلومات کے لئے، حصص دار کمپنی، اور/ یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

6- **غیر دعویدار ڈیویڈینڈ/ حصص**

شیئر ہولڈرز جو اپنے ڈیویڈینڈ/ فزیکل حصص حاصل نہیں کرسکتے ہیں انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویدار ڈیویڈینڈ یا حصص، اگر کوئی ہوں حاصل کرنے/ کے بارے میں دریافت کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 244 کی تعمیل میں مقررہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد ایسے تمام ڈیویڈنڈ اور شیئرز جو واجب الادا اور قابل ادائیگی تاریخ سے تین (3) سال یا اس سے زائد کی مدت کے لئے واجب الادا غیر دعویدار ڈیویڈنڈ کی صورت میں وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کرائے جائیں گے اور حصص کی صورت میں اسے SECP کے حوالے کر دیا جائے گا۔

7- **الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع کی ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقے سے براہ راست اہل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کریں۔

اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ڈیویڈنڈ حاصل کرنے کے لئے، شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے سالانہ رپورٹ اور کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب نقد ڈیویڈنڈ کے الیکٹرانک کریڈٹ کے لئے بینک مینڈیٹ فارم پُر کر کے اسے شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فزیکل شیئرز کی صورت میں سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شارع فیصل، کراچی-74400 کو بھیجیں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہے)۔

اگر حصص سی ڈی سی میں رکھے گئے ہیں تو، الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکرز/ پارٹیسپنٹ/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرانا ہوگا۔

معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی مقررہ تفصیلات کی فراہمی تک شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

-8 کمپنی کے نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشوارے

SECP نے اپنے نوٹیفکیشن 2016/ (1)470 SRO مورخہ 31 مئی 2016ء 2023/(1)389 SRO کے ذریعے کمپنیوں کو سالانہ نظر ثانی شدہ اکاؤنٹس ممبران کے رجسٹرڈ پتوں پر سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی/ کیو آر فعال کوڈ کے ذریعے ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ کمپنی نے 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کی سالانہ رپورٹ سی ڈی اور کیو آر فعال کوڈ کی شکل میں ارسال کی ہے۔ سالانہ رپورٹ 2023 کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنے کا خواہشمند کوئی بھی رکن کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھے گئے درخواست فارم کا استعمال کرتے ہوئے درخواست بھیج سکتا ہے۔

نظر ثانی شدہ مالی گوشوارے اور رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.ksb.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

کمپنی کے ارکان جو سالانہ رپورٹ کی سافٹ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریس بھیجیں۔ الیکٹرانک ٹرانسمیشن کے لئے رضامندی فارم کمپنی کی ویب سائٹ : www.ksb.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

-9 ویڈیو کانفرنس کے ذریعے حاضری

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات کے مطابق، کسی ایسے شہر میں سکونتی شیئر ہولڈرز جو کل ادا شدہ حصص کے سرمایہ کا کم از کم 10 فیصد رکھتے ہیں، کمپنی سے AGM میں شرکت کے لئے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کی سہولت کا مطالبہ اسٹینڈرڈ فارم جو کمپنی کی ویب سائٹ https://www.ksb.com/en-pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے کمپنی کے ہیڈ آفس 2 / 16، سر آغا خان روڈ لاہور میں کمپنی سیکرٹری کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل موصول ہو جانا چاہیے۔

-10 الیکٹرانک ووٹنگ اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ

KSB پمپس کمپنی لمیٹڈ کے ممبران کو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی ضروریات کے مطابق جہاں قابل اطلاق ہو، ای ووٹنگ کی سہولت یا ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

-11 ایڈریس میں تبدیلیوں کی اطلاع

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں کی تبدیلی، اگر کوئی ہو، فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

-12 اے جی ایم میں حاضری

کارپوریشن یا کمپنی کمپنی کے رکن کی حیثیت سے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کے ذریعے اپنے کسی بھی عہدیدار یا کسی دوسرے شخص کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے مقرر کرسکتا ہے۔

ممبران کو کمپنی کے ساتھ تمام خط و کتابت میں اپنے فولیو نمبر/ سی ڈی ایس آئی ڈی کا حوالہ دینا چاہیے اور AGM میں شرکت کے وقت اصل دستاویز لانا چاہیے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو PSX کی جانب سے جاری کردہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر نمبر 1 میں درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

اجلاس میں شرکت کے لئے

i بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے۔

ii کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس پر نامزد شخص کے نمونہ کے دستخط ہوں معہ اس کے اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے وقت پیش کیا جائے گا۔

پراکسیز کی تقرری کے لئے

i بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مذکورہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii بینیفشل مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

iii پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرے گا۔

iv کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط اپنے اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کے ساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرایا جائے گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

-13 سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع کرانا

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کسی بھی بروکر کے ہاں سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی کے ہاں سرمایہ کار اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں تاکہ ان کے مادہ حصص کو اسکرپ لیس شکل میں رکھا جاسکے۔ اس سے انہیں کئی طریقوں سے سہولت ملے گی جس میں محفوظ تحویل اور حصص کی فروخت جب وہ چاہیں، بھی شامل ہے، کیونکہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد و ضوابط کے مطابق فزیکل حصص کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔ مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 72 میں کہا گیا ہے کہ ہر کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو SECP کی جانب سے اعلان کردہ طریقے سے بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ہوگا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3) 134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

بیان ہذا 23 اپریل 2024 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے AGM میں سرانجام دیئے جانے والے خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کی وضاحت کرتا ہے۔

آئٹم نمبر KSB1 پمپس کمپنی لمیٹڈ کے مجاز حصص سرمایہ میں اضافہ

مستقبل میں حصص کے اجراء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز (بورڈ) نے 14 مارچ 2024 کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منظوری دی اور سفارش کی ہے کہ کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ کو 150,000,000 روپے (صرف ایک سو اور پچاس ملین روپے) جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 15,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ سے بڑھا کر ہر ایک 10 روپے کے 30,000,000 نئے عام حصص کی تخلیق کر کے 450,000,000 (صرف چار سو اور پچاس ملین روپے) جو کہ ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ کیا جائے۔

نئے حصص، جب بھی جاری کیے جائیں گے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق تمام معاملات/ امور میں موجودہ عام حصص کے برابر ووٹنگ کے حقوق اور درجہ بندی کے ہوں گے۔

مجاز حصص سرمائے میں مجوزہ اضافہ کے لئے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن (MoA) کی شق V اور کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن (AOA) کے آرٹیکل 4 میں ترمیم بھی ضروری ہوگی، جس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

MoA کی شق V:

موجودہ شق	مجوزہ شق
کمپنی کا حصص سرمایہ 150,000,000 روپے (ایک سو پچاس ملین) ہے جو ہر ایک 10 روپے کے 15,000,000 عام حصص میں تقسیم کیا گیا ہے، کمپنی کے پاس اپنے سرمائے میں اضافہ یا کمی کرنے اور فی الوقت اپنے سرمائے میں حصص کو عام حصص کے متعدد درجوں میں تقسیم کرنے کا اختیار ہوگا۔	کمپنی کا حصص سرمایہ 450,000,000 روپے (چار سو اور پچاس ملین روپے) ہے جو ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم کیا گیا ہے، کمپنی کے پاس اپنے سرمائے میں اضافہ یا کمی کرنے اور اپنے سرمائے میں حصص کو فی الوقت عام حصص کے متعدد درجوں میں تقسیم کرنے کا اختیار ہوگا۔

AOA کا آرٹیکل 4:

موجودہ شق	مجوزہ شق
کمپنی کا سرمایہ 150,000,000 روپے (ایک سو اور پچاس ملین) پر مشتمل ہے جو ہر ایک 10 روپے کے 15,000,000 حصص میں تقسیم کیا گیا ہے۔	کمپنی کا حصص سرمایہ 450,000,000 روپے (چار سو اور پچاس ملین روپے) پر مشتمل ہے جو ہر ایک 10 روپے کے 45,000,000 عام حصص میں تقسیم کیا گیا ہے۔

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر یا چیف ایگزیکٹو یا ان کے رشتہ داروں کو، ڈائریکٹر/ چیف ایگزیکٹو/ شیئر ہولڈرز کی اپنی حیثیت کے سوائے مجاز حصص سرمایہ میں مجوزہ اضافہ اور MoA کی تبدیلی میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے۔

کے ایس بی پمپس کمپنی لمیٹڈ
2/16 سر آغا خان، لاہور
فون: (042) 36304173 فیکس: 36368878, (042) 36366192
ای میل: info@ksb.com.pk

KSB